ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((393

مورخہ 21.08.25

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، مختلف کارروائیوں میں18ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ خیرپور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 42بوتلیں ولائتی شراب اور 20لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سول لائنز، صدر یزمان اور تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے03ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 410 گرام کرسٹل آئس اور تھانہ سول لائنز،اوچشریف، سٹی یزمان، عنائتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 10ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 16 کلو 40 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ بغدادالجدید، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے03ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 03عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((394

مورخہ 21.08.25

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں تھانہ سمہ سٹہ پولیس کی جنوبی پنجاب میں منشیات فروشوں کے خلاف اب تک کی سب سے بڑی اور کامیاب کارروائی، بھاری مقدار میں آئس منشیات برآمد، 3 ملزمان گرفتار۔بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ**

تفصیلات کے مطابق ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ نے ایس ڈی پی او آفس سرکل صدر بہاولپور میں SDPOصدر سرکل خالد محمود اور ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ وانکی ٹیم کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس برآمد کر لی۔انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ محمد احمد چیمہ کی سربراہی میں ایس آئی محمد دلبر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ایک سفید رنگ کی کار نمبری AWH-473جو لودھراں سے احمد پور کی طرف جارہی تھی، پولیس نے اعظم چوک کے قریب ناکہ بندی کی اور مشکوک جانتے ہوئے گاڑی کو روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران گاڑی سے تقریبا20 کلو گرام آئس منشیات برآمد ہوئی۔ گاڑی میں سوار تین ملزمان محمد اویس، محمد ظاہر اور عصمت اللہ کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ملزمان کے قبضہ سے منشیات کے علاوہ نقدی اور موبائل فونز بھی برآمد ہوئے۔ گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش اعتراف کیا کہ وہ آئس کوئٹہ سے لا کر احمد پور میں سپلائی کرنے جارہے تھے۔ایس پی انویسٹیگیشن نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے پولیس ٹیم کی بروقت اور کامیاب کارروائی پر شاباش دی اور اس حوالے سے ڈی پی او بہاول پور کے واضح احکامات ہیں کہ منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ایسے عناصر کو قانون کی گرفت میں لا کر ضلع بہاولپور کو منشیات سے پاک کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاول پور: ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ ایس ڈی پی او سرکل صدر اور ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں